# فیصل اسپننگ ملز لمیٹڈ

UG of Companies

## غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے فیصل اسپننگ ملز لمیٹڈ کے ممبران کا غیر معمولی اجلاس عام ہفتہ 29 دسمبر 2018ء کو صبح دس بجے عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

1. کمپنی کے چونتیسواں (34) سالانہ اجلاس عام مورخہ 25 اکتوبر 2018ء کی کارروائی کی توثیق۔
2. 29 دسمبر 2018ء تا 28 دسمبر 2021ء کے لئے کمپنی ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 کے تحت کمپنی کے ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

(الف) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 (1) اور 2 (اے) کے تحت موجودہ بورڈ نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس منعقدہ 29 اکتوبر 2018ء میں قرارداد پاس کر کے 29 دسمبر 2018ء کے انتخابات کے لئے ڈائریکٹرز کی تعداد دس (10) مقرر کر دی ہے۔

(ب) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 (2) (بی) کے تحت مندرجہ ذیل ڈائریکٹرز سبکدوش ہونے والے ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | جناب محمد سلیم | 6. | جناب بلال شریف |
| 2. | جناب محمد شریف | 7. | جناب عادل شکیل |
| 3. | جناب محمد شاہین | 8. | جناب حمزہ شکیل |
| 4. | جناب خرم سلیم | 9. | جناب اقبال محبوب |
| 5. | جناب محمد امین | | |

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخابات کے لئے اپنی خدمات پیش کر سکتے ہیں۔

3. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
عدیل الرحمٰن
کمپنی سیکرٹری

کراچی
6 دسمبر 2018ء

**نوٹس:**

1. ڈائریکٹر کے انتخابات کا امیدوار ہر ممبر کو غیر معمولی اجلاس عام ہذا کے انعقاد سے کم از کم چودہ (14) دن قبل اپنے عندیہ سے کمپنی کو مقررہ فارم 28 پر مطلع کرنا ہوگا اور کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے تحت مطلوبہ تفصیل پروفائل اور کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر تقرری سے متعلق ڈیکلریشن بھی داخل کرانا ہوگا۔

**ممبر کو تصدیق کرنا ہوگی کہ**

(الف) کہ وہ متعلقہ قوانین کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت اختیارات اور فرائض سے واقف ہے۔

(ب) وہ ایکٹ کی کسی شق لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کوآپریٹ گورننس) ریگولیشنز مجریہ 2017ء اور دیگر نافذ العمل رولز و ریگولیشنز کے تحت کسی لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے لئے نااہل نہیں۔

(پ) کہ وہ پانچ لسٹڈ کمپنیوں سے زائد میں ڈائریکٹر کے طور پر کام نہیں کر رہے۔

(ت) وہ یا ان کے اہل خانہ بروکیج کے کاروبار میں ملوث نہیں یا کسی کارپوریٹ بروکیج ہاؤس کے آفیسر یا اسپانسر ڈائریکٹر نہیں۔

2. کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 22 دسمبر 2018ء تا 29 دسمبر 2018ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے دفتر واقع عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں 21 دسمبر 2018ء تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔
3. غیر معمولی اجلاس عام ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لئے پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ صرف ممبر ہی پروکسی کے لیے مقرر کیا جا سکتا ہے۔
4. پروکسی کی تقرری کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر ہو تو) یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی مہر، دستخط اور گواہی کے ہمراہ اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں داخل کرانے ہوں گے۔
5. اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کے اہل سی ڈی سی کے انفرادی ممبران کو اپنی شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شریک کا آئی ڈی نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔ پروکسی کی صورت میں سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو اس مقصد کے لئے معمول کی دستاویزات ہمراہ لانی ہوں گی۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مجریہ 2000ء مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔
6. ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔
7. جن ممبران نے ابھی تک اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ داخل نہیں کرانا ہے ان سے درخواست ہے کہ فوری طور پر ارسال کر دیں۔
8. کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 132 (2) کے تحت کمپنی وڈیو لنک کے ذریعہ غیر معمولی اجلاس عام ندا میں شرکت کے متمنی ممبران کو متعلقہ شہر میں دستیابی کی بنیاد پر دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کو وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی تاہم اجلاس میں اسطرح شرکت کے متمنی ممبران کا مطالبہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) روز قبل کمپنی کو موصول ہو جانا چاہیے۔ کمپنی وڈیو کانفرنس کے مقام سے اجلاس کے انعقاد سے کم از کم پانچ (5) روز قبل ممبران کو مطلع کرے گی۔ اس میں ممبران کو مندرجہ ذیل فارم پر کر غیر معموتی اجلاس عام ہذا کے انعقاد سے کم از کم سات روز قبل کمپنی کے دفتر میں جمع کرانا ہوگا۔ کسی ہستم کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو بروقت مطلع کریں۔

میں / ہم ---------- بحیثیت ممبر ---------- حامل ---------- عام حصص، فولیو نمبر ----------

وڈیو کانفرنس کی سہولت ---------- پر چاہتا ہوں۔

____________

ممبر کے دستخط

9. ایس ای سی پی نے اعلامیہ ایس آر او 787 (1) 2014ء مورخہ 8 ستمبر 2014ء کی تعمیل میں کمپنی کو سالانہ مالی گوشوارے اور نوٹس الیکٹرونکس میل سسٹم (ای میل) کے ذریعہ ممبران کو ارسال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ہم اپنے ممبران کو آئندہ بذریعہ ای میل گوشوارے اور نوٹسز وصول کرنے کی پیشکش کرتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم کے ذریعہ اپنے عندیہ سے مطلع کریں۔ مذکورہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.umergroup.com پر دستیاب ہے۔ اس امر کو یقینی بنائیں کہ مذکورہ ای میل کی وصولی کے لئے آپ کے پاس 2MB فائیل سے زائد جگہ دستیاب ہو۔ ای میل کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو بروقت مطلع کریں۔
10. **کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166 (3) کے تحت خودمختار انڈیپنڈنٹ) ڈائریکٹرز کے تقرر کے سلسلہ میں گوشوارہ:**

خودمختار ڈائریکٹر کا انتخاب افراد کے نام، پتے اور تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر اہل افراد او کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166 (1) کے تحت خودمختار ڈائریکٹر کے طور پر کام کے متمنی افراد کے ڈیٹا سے کیا جائے گا کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 153 کے تحت اہل اور دفعہ 166 (2) کے مطابق معیار پر پورا اترنے والے افراد کو خودمختار ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے نامزدگی داخل کرانی ہوگی۔ تاہم یہ امر قابل ذکر ہے کہ خودمختار ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کی طرح کیا جائے گا۔ ڈائریکٹرز امیدواروں کی حتمی فہرست دفعہ 159 (4) کے تحت اجلاس ہذا کی تاریخ سے کم از کم سات روز قبل جاری کر دی جائے گی۔ مزید براں کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی مطلوبہ معمومات اپ ڈیٹ کر دی جائیں گی۔ کسی کوئی ڈائریکٹر یا سوائے اپنے حصص یافقہ اور انتخاب میں حصہ لینے کے علاوہ اس امر میں بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں رکھتا۔